فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک کے شہریوں کو ہوا کے معیار کے بارے میں اپ ڈیٹس کی فراہمی

منگل کو زیریں ہڈسن ویلی اور نیو یارک سٹی میٹرو کے علاقوں کے لیے اوزون کے لیے ہوا کے معیار سے متعلق صحت کی ایڈوائزری کا اجراء

بدھ تک ریاست کے بیشتر حصوں میں زیادہ درجۂ حرارت متوقع ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) اور ریاستی محکمۂ صحت (Department of Health, DOH) نے اوزون کے لیے ہوا کے معیار سے متعلق صحت کی ایڈوائزری جاری کی ہے، جو کل، منگل 12 اگست کو زیریں ہڈسن ویلی اور نیو یارک سٹی میٹرو کے علاقوں کے لیے مؤثر ہو گی۔ لانگ آئی لینڈ، نیو یارک سٹی میٹرو اور زیریں ہڈسن ویلی کے علاقوں میں اوزون کے لیے یہ ایڈوائزری آج، پیر 11 اگست کو بھی نافذ العمل ہے۔ چونکہ جنگلاتی آگ کے دھوئیں کے کچھ آثار ریاست سے ختم ہونے کے باوجود بلند فضا میں ابھی بھی نظر آ رہے ہیں، اس لیے نیو یارک کے رہائشیوں اور سیاحوں کو یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ موسمِ گرم کے اپنے روزانہ کے معمولات میں ہوا کے معیار سے متعلق آگاہی کو بھی شامل رکھیں۔ یہ اپ ڈیٹ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب گورنر Hochul (ہوکل) نے کل نیو یارک کے شہریوں پر زور دیا تھا کہ وہ بدھ تک ریاست بھر میں کئی دن تک جاری رہنے والے زیادہ درجۂ حرارت کے لیے تیار رہیں۔ منگل کو ریاست کے بیشتر حصوں، خاص طور پر مغربی نیو یارک، فنگر لیکس اور شمالی ملک میں 'محسوس ہونے والا' درجۂ حرارت 90s کی درمیانی سے بلند سطح تک متوقع ہے۔ منگل اور بدھ کو رطوبت کی سطح بھی بڑھ جائے گی۔ بدھ کو، محسوس ہونے والا درجۂ حرارت ریاست کے زیادہ تر حصوں میں بلند 90s میں برقرار رہے گا اور مڈ ہڈسن، نیو یارک سٹی اور لانگ آئی لینڈ کے علاقوں کے کچھ حصوں میں 100 کے قریب پہنچ جائے گا۔ منگل سے بدھ تک ریاست بھر میں بارش اور گرج چمک والے طوفان کی توقع ہے۔

"ریاست بھر میں انتہائی شدید درجۂ حرارت کے پیشِ نظر، میں ہوا کی اور موسمی پیشین گوئیوں کی کڑی نگرانی کر رہی ہوں اور نیو یارک کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہی ہوں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں نیو یارک کے شہریوں پر زور دیتی ہوں کہ 'ہوا کے معیار سے باخبر رہیں' اور براہِ کرم خود کو اور اپنے پیاروں کو محفوظ رکھنے کے لیے مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔"

کل، 12 اگست کے لیے ہوا کے معیار سے متعلق صحت کی ایڈوائزری والے علاقے یہ ہیں: **زیریں ہڈسن ویلی**، جس میں ڈچس، اورنج، پٹنم، السٹر اور سولیوان کاؤنٹیز شامل ہیں اور **نیو یارک سٹی میٹرو**، جس میں نیو یارک شہر اور راکلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کی کاؤنٹیز شامل ہیں۔

وہ افراد جو خاص کر دل کی بیماریوں میں مبتلا ہیں اور جن کو سانس کی کوئی بیماری ہے (مثلاً دمہ) ہے، چھوٹے بچوں، عمر رسیدہ افراد اور باہر ورزش کرنے والے یا مشقت والے بیرونی کام کرنے والے افراد کو اوزون کی سطح سب سے بلند ترین درجے پر پہنچنے کے بعد سخت مشقت والے جسمانی کاموں کو محدود کرنے پر غور کرنا چاہیئے (جو عام طور سے دوپہر سے شام تک سب سے زیادہ ہوتی ہے)۔ جب کھلی فضاء میں اوزون کی سطحیں بڑھ جائیں تو

گھر کے اندر آ جانے سے عموماً اس کا سامنا ہونے کا خطرہ کم کیا جا سکتا ہے۔ سانس رکنے، سینے میں درد، یا کھانسی جیسی علامات میں مبتلا لوگوں کو اپنے ذاتی معالج سے مشورہ کرنے پر غور کرنا چاہیئے۔

جب DEC کے ماہرینِ موسمیات اوزون یا باریک ذرات (PM2.5) دونوں میں سے کسی کے بھی حوالے سے، آلودگی کی سطح ہوا کے معیار کے انڈیکس (Air Quality Index، AQI) پر 100 سے زیادہ ہونے کی توقع ہونے کی پیشین گوئی کرتے ہیں، تو ایسے میں ریاست نیو یارک کا محکمۂ برائے ماحولیاتی تحفظ (DEC) اور ریاست کا محکمۂ صحت (DOH) ہوا کے معیار سے متعلق صحت کی ایڈوائزری جاری کرتے ہیں۔ AQI آلودگی کا سبب بننے والے مختلف اجزاء کے درمیان ایک ہی پیمانے پر تعلق قائم کرنے کی غرض سے تخلیق کیا گیا تھا، اور AQI کی بلند سطح صحت کے حوالے سے زیادہ تشویش کی علامت ہوتی ہے۔

نیو یارک کے شہریوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ "ہوا کے معیار سے باخبر" رہیں اور ہوا کے معیار کی پیشین گوئیوں اور حالات سے متعلق درست معلومات کے لیے airnow.gov ملاحظہ کریں۔ DEC کی جانب سے ہوا کے معیار کی تازہ ترین پیشین گوئی دیکھنے کے لیے، DEC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اوزون

موسم گرما کی گرمی زمینی سطح کے اوزون کی تشکیل کا باعث بن سکتی ہے، جو فوٹو کیمیکل سموگ کا ایک بڑا جزو ہے۔ موٹر گاڑیوں کا دھواں اور ریاست سے باہر کے اخراج کے ذرائع ہی زمین کی سطح پر موجود اوزون اور شمال مشرق میں سنگین ترین فضائی آلودگی کے بڑے ذرائع ہیں۔ اس سطح والے آلودہ مادے کو بالائی فضا میں موجود اوزون کی حفاظتی تہہ سے یکساں سمجھنے کی غلط فہمی میں نہیں رہنا چاہیئے۔

اوزون براہِ راست خارج ہونے والی گیس نہیں ہے، بلکہ یہ اس وقت بنتی ہے جب سورج کی روشنی نائٹروجن آکسائیڈز (NOx) اور موٹر گاڑیوں کے دھوئیں اور صنعتی اخراج سے آنے والے وولیٹائل آرگینک کمپاؤنڈز (VOCs) کے ساتھ کیمیائی ردعمل کرتی ہے۔ زیادہ اوزون اس طرح دکھائی نہیں دیتی جیسا کہ PM2.5، کیونکہ یہ ایک بے رنگ گیس ہے، لیکن اس کی زیادہ مقدار سے آسمان دھندلا ہو جاتا ہے اور حدِ نگاہ کم ہو جاتی ہے۔ جنگلاتی آگ کے دھوئیں کی موجودگی سے بھی اوزون کی پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

اوزون کی سطح عام طور پر رات کے وقت کم ہو جاتی ہے اور دن کے اوقات میں اگر موٹر گاڑی کا سفر محدود کر دیا جائے نیز عوامی نقل و حمل کی دستیابی کی صورت میں اس کے استعمال سے بھی اس سطح کو کم کیا جا سکتا ہے۔

نیو یارک کے شہریوں کو اس بات کی بھی تاکید کی جاتی ہے کہ وہ توانائی کی بچت اور آلودگی میں کمی لانے کے لیے درج ذیل اقدامات کریں:

- ڈرائیونگ کے بجائے عوامی نقل و حمل یا کار پول استعمال کریں، کیونکہ ہمارے شہروں میں آلودگی کا تقریباً 60 فیصد حصہ موٹر گاڑیوں کے اخراج سے پیدا ہوتا ہے؛
- ایندھن کی بچت اور اخراج میں کمی کے لیے موٹر گاڑی کے ضروری سفر ایک ساتھ انجام دیں؛
- خالی جگہوں کی تمام لائٹس اور برقی آلات بند کر دیں؛
- ہوا کی گردش کے لیے پنکھے استعمال کریں۔ اگر ایئر کنڈیشنگ ضروری ہو تو تھرمو اسٹیٹ کو 78 ڈگری پر سیٹ کریں؛
- گرمی میں اضافہ کم کرنے اور ٹھنڈی ہوا کو محفوظ رکھنے کے لیے پردے اور بلائنڈز بند رکھیں؛
- گھریلو آلات کا استعمال محدود کر دیں۔ اگر ضروری ہو تو انہیں غیر مصروف اوقات (یعنی شام 7 بجے کے بعد) میں چلائیں۔ اس میں ڈش واشرز، ڈرائرز، پول پمپس اور واٹر ہیٹرز شامل ہیں؛
- ریفریجریٹرز اور فریزرز کو زیادہ مؤثر درجہ حرارت پر سیٹ کریں؛
- انرجی اسٹار (Energy Star) کے لیبل والی توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والی لائٹنگ اور آلات خریدیں اور نصب کریں؛ اور
- بیرونی کھلی ہوا میں آگ جلانے کا کام کم یا ختم کر دیں اور PM2.5 کے اندرونی ذرائع، جیسے تمباکو نوشی، کو کم کرنے کی کوشش کریں۔

اوزون اور PM 2.5 کے بارے میں اضافی معلومات DEC کی ویب سائٹ اور DOH کی ویب سائٹ (/ (PM 2.5 DOH کی ویب سائٹ (اوزون)پر دستیاب ہیں۔ ہوا کے معیار کے انڈیکس کے بارے میں DEC کی نئی معلوماتی شیٹ DEC کی ویب سائٹ یا PDF ڈاؤن لوڈ کے ذریعےدستیاب ہے۔

DEC کے تازہ ترین اعلانات سے باخبر رہنے کے لیے، سائن اپ کریں تاکہ ہوا کے معیار کے الرٹس حاصل کر سکیں جو بھیجے جاتے ہیں بذریعہ DEC Delivers: DEC کی پریمیئر ای میل سروس۔ DEC نے نیو یارک کے شہریوں کو ہوا کے معیار کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ رکھنے کے لیے ایک ٹول فری ایئر کوالٹی ہاٹ لائن (1-800-535-1345) بھی قائم کی ہے۔

انتہائی گرمی خطرناک ہے اور ریاستہائے متحدہ میں موسم سے متعلقہ اموات کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ گرمی سے متعلق سب سے عام بیماریاں ہیٹ اسٹروک (سن اسٹروک)، گرمی کی تھکن، گرمی کے درد اور ہیٹ ریش ہیں۔ ریاستی محکمۂ صحت کے شدید گرمی سے متعلق مشورے کے ویب پیج پر گرمی سے متعلق بیماری، بشمول نشانیوں اور علامات کے بارے میں مزید اور یہ جانیں کہ کب کارروائی کی جائے۔

موسم کی خبروں، انتباہات، ایڈوائزریز اور تازہ ترین پیشین گوئیوں کی ایک مکمل فہرست کے لیے، نیشنل ویدر سروس (National Weather Service) کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں